## ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین اور مصطفیٰ کمال نے جناح گراؤنڈ کا دورہ کرکے شہدائے حق کی یادگار کی تعمیر کے کام کا جائزہ لیا، انجینئرز نے رابطہ کمیٹی کو یادگار کی تعمیر کی تفصیلات سے آگاہ کیا
## شہدائے حق کی یادگار کی تعمیر کے کام میں حصہ لینے والے افراد کو خراج تحسین، کام کی رفتار پر اظہار اطمینان

کراچی۔۔۔9، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین سلیم تاجک، نیک محمد، وسیم آفتاب، شعیب بخاری، شاکر علی اور کراچی سٹی گورنمنٹ کے ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد کا دورہ کیا اور شہدائے حق کی یادگار کی تعمیر کے کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر شہدائے حق کی یادگار کی تعمیر کرنے والے انجینئرز نے رابطہ کمیٹی اور سٹی ناظم کو تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اس کا پلیٹ فارم 200 فٹ ڈائی میٹر کے رقبے پر محیط ہے جس میں 100 فٹ ڈائی میٹر کی واٹر باڈی ہے، یادگار میں 9 دیواریں تعمیر کی جائیں گی جس میں ہر دیوار Vertical Element کے طور پر بنے گی، 9 دیواروں میں سے 4 ایک حصے کی جانب ہوں گی اور 4 دوسرے حصے کی جانب اس کا بنیادی تصور اگر جیومیٹری کے پس منظر میں دیکھا جائے تو دائرہ بنیادی طور پر Universe کو Represent کرتا ہے جو سرکل کی مانند ہے اور یہی اس کا سینٹرل پوائنٹ ہے ہر ایک دیوار کو دائرے کی اتیج میں رکھا گیا ہے اور یہ دائرہ مرکزیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس یادگار میں جو واٹر باڈی بنائی جائے گی اس کا پانی صاف اور شفاف ہوگا۔ یادگار کی ہر دیوار پر قائد تحریک الطاف حسین کے اقوال اور تحریک سے متعلق معلومات درج ہوں گی۔ ان 9 دیواروں کی ہر ایک کی لمبائی 15 فٹ اونچی ہوگی اور پویلین زمین سے 25 فٹ اوپر ہوگا یہ سنگ مرمر سے تعمیر کئے جائیں گے اور اس کی تعمیر میں Grey Granite استعمال کیا جائے گا۔ دورے کے موقع پر رابطہ کمیٹی نے شہدائے حق کی یادگار کی تعمیر کے کام میں حصہ لینے والے افراد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور یادگار کی تعمیر کے کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔

## پاکستان سنی موومنٹ، جماعت اہلحدیث پاکستان اور جامعہ ستاریہ اسلامیہ غرباء اہلحدیث وفود کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## علمائے کرام کے وفود نے بم دھماکے میں حق پرست یوسی ناظم محمد خلیل اور کارکنان کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا
## دہشت گردی امن عالم اور پاکستان کی سالمیت کیلئے تباہ کن ہے، علمائے کرام کی گفتگو

کراچی۔۔۔9، فروری 2010ء

پاکستان سنی موومنٹ کے چیئرمین شاہ سراج الحق قادری، جماعت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکریٹری جنرل و اتحاد بین المسلمین کونسل کے چیئرمین علامہ ڈاکٹر عبداللہ محمدی اور جامعہ ستاریہ اسلامیہ غرباء اہلحدیث گلشن اقبال کے مولانا عبدالحئی عابد کی سربراہی میں علمائے کرام کے وفود نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان اور ایم کیوایم علماء کمیٹی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور جناح اسپتال کراچی میں شہدائے کربلا کے چہلم کے موقع پر ہونے والے بم دھماکے کے زخمیوں کو خون کے عطیات دینے کیلئے جانے والے ایم کیوایم کے یوسی ناظم محمد خلیل سمیت ایم کیوایم کے 7 کارکنان اور دیگر کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ پاکستان سنی موومنٹ کے وفد میں انچارج رابطہ کمیٹی سید نذیر شاہ، نگراں انجمن انوار القادریہ جمشید روڈ مولانا فضل حسین، مسجد اولیا چاندنی چوک کے پیش امام مولانا محمد رمضان، جامع مسجد فیض رجا جمشید روڈ کے امام مولانا فدا محمد، انوار القادریہ جمشید روڈ کے مہتمم لائق محمد سعیدی اور جامعہ ستاریہ اسلامیہ غرباء اہل حدیث گلشن اقبال کے وفد میں مولانا عبدالحئی عابد، مولانا محمود شاہد، مولانا محمد جابر ظہیر، مولانا محمد ممتاز، مولانا محمد طاہر جبکہ جماعت اہلحدیث پاکستان کے وفد میں مولانا انیس الرحمٰن، قاضی حافظ ضیائض الدین، عمران احمد سلفی، صاحبزادہ مدثر صدیقی، مولانا محمد یوسف سلفی اور اکرام اللہ محمدی شامل تھے۔ ملاقاتوں میں علمائے کرام نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کا کسی مذہب یا فقہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور دہشت گردی امن عالم اور پاکستان کی سالمیت کیلئے تباہ کن ہے۔ علمائے کرام نے متحدہ قومی موومنٹ کی امن پسندی اور اتحاد بین المسلمین کیلئے کاوشوں کو سراہا اور ملک کی نازک صورتحال میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مفاہمت کی پالیسی کو وقت کی اہم اور لازمی ضرورت قرار دیا۔ ملاقاتوں میں بم دھماکوں میں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان اور عزاداران حسین کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## ہنزہ سرٹ عطا آباد کے قریب دریائے سندھ میں پہاڑی تودہ گرنے کے بعد بحالی کے کام میں تاخیر کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## دریا کا پانی پھیلنے سے شیشکٹ گاؤں میں بڑی تباہی کا خدشہ ہے، تودے کی صفائی کا شروع کیا جائے، مطالبہ

کراچی۔۔۔9فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان ہنزہ سرٹ عطا آباد کے مقام پر دریائے سندھ میں پہاڑی تودہ گرنے سے دریا کا بہاؤ رکنے اور پانی کی سطح بلند ہونے کے باعث شیشکٹ گاؤں اور ملحقہ آبادی کے زیر آب آنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ متاثرہ گاؤں کو بڑی تباہی سے بچانے کیلئے دریا سے پہاڑی تودہ کی فی الفور صفائی کا کام شروع کرائیں اور متاثرہ گاؤں اور عوام کو تحفظ فراہم کریں۔ اپنے ایک بیان رابطہ کمیٹی نے کہا کہ 5 جنوری کو ہنزہ سرٹ عطا آباد کے قریب پہاڑی تودہ گرنے سے دریائے سندھ کے پانی کا بہاؤ روک گیا تھا جس کے وجہ سے دریا کا پانی پھیلتا جارہا ہے اور شیشکٹ گاؤں اور ملحقہ آبادی تیزی سے ڈوبتی جارہی ہے اور اب تک 15 سے زائد گھر پانی میں ڈوب چکے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ذمہ دار افراد کی جانب سے بے حسی کا مظاہرہ کیا جارہا ہے اور اب تک اس جانب کوئی توجہ نہیں دی گئی جس کے باعث دریا کا پانی گاؤں گونجال کی طرف بڑھ رہا ہے اور گونجال گاؤں کے زیر آب آنے کا خدشہ ہے جبکہ متاثرہ گاؤں کے لوگ پانی کے بڑھتی ہوئی سطح کے باعث شدید بے چینی کا شکار ہیں اور انہیں اپنا گھر بار ڈوبتا ہوا نظر آرہا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے انسانی ہمدردی کے ناطے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ وہ عطا آباد کے قریب دریائے سندھ میں پہاڑی تودے کی صفائی کا کام جلد از جلد شروع کرایا جائے اور زیر آب گاؤں اور مقامی عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

## حق پرست عوام، حاجی دادعلی خان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔9فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی کے والد حاجی دادعلی خان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ حاجی دادعلی خان کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔ واضح رہے کہ حاجی دادعلی خان معدے کے مرض میں مبتلا ہیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## ممتاز شاعر اور نقاد پروفیسر جاذب قریشی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ممتاز شاعر اور نقاد پروفیسر جاذب قریشی کی والدہ محترمہ محمودہ خانم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## شیخ رشید پر قاتلانہ حملہ اور ساتھیوں کی ہلاکتیں ملک کی سلامتی اور جمہوریت کے خلاف سازش ہے
## قاتلانہ حملے میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کا ہنگامی اجلاس میں مطالبہ

ملتان۔۔۔9فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لوئر پنجاب زون کے زونل انچارج کرامت علی شیخ اور اراکین نے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید پر قاتلانہ حملے اور ساتھیوں کی شہادت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قاتلانہ حملے کو ملک کی سلامتی اور جمہوریت کے خلاف سازش قرار دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم لوئر پنجاب زون میں منعقدہ ہنگامی اجلاس میں کیا جس میں زونل کمیٹی کے اراکین عمر علی آغا، راؤ فرمان علی، ڈسٹرکٹ انچارج ملتان مرزا ندیم بیگ اور راجہ یامین کھدر پوش نے شرکت کی۔ اجلاس میں حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ شیخ رشید پر قاتلانہ حملے کی تحقیقات کرائی جائے اور سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ اجلاس میں انتخابی دفتر میں

فائرنگ کے نتیجے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی گئی اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے ۔

## سکھر کے مختلف کالجزاور یونیورسٹی کے طلبہ کی اے پی ایم ایس او میں شمولیت

سکھر۔۔۔9،فروری2010ء

سکھر کے مختلف کالجز و یونیورسٹی کے طلبہ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اورنظریہ کی سچائی پر بھر پور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان طلبہ نے گزشتہ روز اے پی ایم ایس او کے تحت سکھر میں منعقدہ اجلاس میں کیا جس میں اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی کے رکن کاشف علی جاگیرانی سمیت مختلف کالجز ویونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ اے پی ایم ایس او میں شمولیت کا اعلان کرنے والے طلبہ نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین عملی طور پر ملک کی سالمیت اور استحکام کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اوران کی عملی کاوشیں سب کے سامنے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ باشعور طلبہ اورعوام حق پرستی کے نظریئے کی سچائی کومحسوس کریں اوراس پرعمل کیلئے حق پرستی کی تحریک کا حصہ بنیں ۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی کے رکن کاشف علی جاگیرانی نے کہا کہ اے پی ایم ایس او ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے طلبہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اوراے پی ایم ایس او کے پلیٹ فارم سے ملک کے نوجوان طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی جدوجہد کی جارہی ہے ۔انہوں نے طلبہ کی اے پی ایم ایس او میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کیا اورانہیں مبارکباد پیش کی ۔

## ایم کیوایم حیدرآبادزون کے سیکٹرانچارج کے سیکٹرانچارج،خیرپورزون یونٹ لقمان کے فنانس سیکریٹری، لاہورزون ضلع نارروال،کورنگی اور پاک کالونی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔9،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآبادزون سیکٹرانچارج کے سیکٹرانچارج کامران خانزادہ کے والد،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے کارکن محمد مسرور حسین کی والدہ محترمہ کنیزہ خاتون ، ایم کیوایم خیرپورزون یونٹ لقمان کے فنانس سیکریٹری جوہرحیدر کے والدسیدنفیس حیدر، ایم کیوایم لاہورزون ضلع نارروال شکرگڑھ کے کارکن وقاراحمد ایڈووکیٹ کے والدمحمد طفیل اورایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے کارکن آصف جعفری کی والدہ محترمہ سیدفاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حصلہ عطا کرے ۔( آمین )

☆☆☆☆☆